# مدنی مذاکرے

## کے مدنی پھول

۱۷- دسمبر-۲۰۱۶ سے

۵-مارچ-۲۰۱۷ تک

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: مجھ پر دُرُودِ پاک کی کثرت کرو بے شک تمہارا مجھ پر دُرُودِ پاک پڑھنا تمہارے لئے پاکیزگی کا باعِث ہے۔ (مُسْنَدُ اَبِیْ یَعْلٰی ج ۵ ص ۴۵۸ حدیث ۶۳۸۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ ربیع الاول ۱۴۳۸ ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 17 دسمبر 2016ء |

☆ ...... لوگ نئے نوٹ سے محبت کرتے ہیں، پُرانے اور نئے نوٹ ہوں تو نئے سنبھال کر رکھ لیتے ہیں۔

☆ ...... دِینی اِصطلاحات اور اِسلامی معلومات سے آگاہی مُطالعہ کرنے، سیکھنے اور عُلما کی صحبت پانے سے ہوتی ہے۔ ☆ ...... اسلامی کُتُب کے مُطالعے کا وقت طے (فِکس) کریں تو اس سے مُطالعہ کرنے میں آسانی ہوگی۔ (نگرانِ شوریٰ) ☆ ...... روزانہ وقتِ عصر سے غروبِ آفتاب تک 7 مرتبہ ''یَابَصِیْرُ'' پڑھنے والا اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ☆ ...... روزانہ دل پر ہاتھ رکھ کر 70 مرتبہ ''یَافَتَّاحُ'' پڑھنے والے کے دل کا زنگ دُور ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ☆ ...... بچوں کو بھی سادہ لباس ہی پہنایا کریں، اگر کھلاڑیوں کی تصاویر والے لباس پہنائیں گئے تو وہ کھلاڑی بننے کی کوشش کریں گے۔ ☆ ...... ربیع الاول کے لیے جو جھنڈے، جھنڈیاں اور بینرز سڑکوں، پولوں (کھمبوں) اور گھر کے اوپر لگائے جاتے ہیں، وہ 12 ربیع الاول کے بعد اُتار لیا کریں البتہ، گھر کی کھڑکیوں یا گھر کے اندر لگائے جانے والے مدنی پرچم وغیرہ گیارہویں شریف (11 ربیع الاخر) تک لگائے رکھئے اور ان کو بھی گیارہویں شریف کے بعد اُتار لیا کریں۔ ان کی حفاظت کے لیے میلاد بکس بنا لیجئے اور اگلے سال کے لیے محفوظ کر لیجئے۔ ☆ ...... گھر کی چھت پر گیارہویں کے موقع پر 10 ربیع الاخر کو مدنی پرچم لگا

www.dawateislami.net

ئیں اور 12 ربیع الاخر کو اُتار لیں۔☆...... چندہ لینے اور دینے والوں کو چاہیے کہ مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**چندے کے بارے میں سوال جواب**'' اور'' **چندے کی شرعی احتیاطیں**'' کا ضرور مطالعہ کریں۔☆...... گجرات (پنجاب، پاکستان) کے شہر''کوٹلہ ارب علی خان'' کو''**کوٹلہ عرب علی خان**'' لکھا جائے۔☆...... میرا اندازہ ہے کہ لاکھوں مسلمانوں میں'' ایک'' مسواک کرتا ہوگا۔☆...... ہر اسلامی بھائی 112 یا اس سے زیادہ رسالہ''**مسواک شریف کے فضائل**'' تقسیم کرے۔☆...... جس طرح پاجامہ اور تہبند ٹخنے سے اوپر رکھنا سنت ہے، اسی طرح جُبّہ بھی ٹخنے سے اوپر رکھا جائے۔☆...... میں اپنے کُرتے پر برسوں سے 2 جیبیں بنواتا ہوں۔ اِس سے شجرہ شریف اور دیگر تحریروں کو سنبھالنے میں آسانی ہوتی ہے، دعوتِ اسلامی والے بھی 2 جیب رکھتے ہیں، جیب پر بٹن کے بجائے چپکنے والا لاک (چیپی) بھی ہونا چاہئے۔☆...... مجھے استری شدہ کپڑے پہننے میں رغبت کم ہے۔☆...... دودھ پینے سے ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔☆...... چھوٹی عمر والوں کو کثرت سے دودھ پینا چاہیے، جس کو دودھ مفید ہو تو ایک کلو دودھ پی لیا کریں۔☆...... اچھی اچھی نیتوں سے دودھ پئیں گے تو ثواب بھی ملے گا مثلاً دودھ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمت سمجھ کر پیوں گا، اس سے میری ہڈیاں مضبوط ہوں گی، اس طرح عبادت پر قوت حاصل ہوگی۔☆...... ''صِراطُ الجِنان فی تفسیرِ القرآن'' دنیا کی جدید ترین تفسیر ہے، علم کا خزانہ ہے، خود بھی لیں اور اپنے محلے کے امام صاحب کو بھی دیں۔☆...... مدینہ ڈائری 2017ء ہدیہ 230 روپے ہے۔ ڈائری کے شائقین اسے مکتبۃ المدینہ سے حاصل کریں۔☆...... دعوتِ اسلامی کے آغاز سے پہلے بھی میرا مذہبی ماحول تھا، امامت بھی کرتا تھا، میرے حلقۂ احباب میں ایک تعداد داڑھی والی اور نمازی تھی۔☆.......... مجھے تُرکوں سے بہت محبت ہے کیونکہ تُرک عاشقِ رسول ہوتے ہیں۔ مسجدِ نبوی کی تعمیرات میں یہ جو آداب بجالائے وہ اِنہی کا حصہ تھا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۴ ربیع الاول ۱۴۳۸ ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 23 دسمبر 2016ء |

☆...... کالے بالوں کے بعد سفید بالوں کا آنا موت کا پیغام بَر (پیغام دینے والا) ہے۔☆...... کپڑے کے تھان کو

www.dawateislami.net

دیکھ کر کفن یاد آ جاتا ہے۔☆ ...... ماضی میں جھانکئے ! کئی لوگ ''موت'' کے ذکر سے گھبراتے تھے، مگر اب ان کی برسی ہوچکی ہے۔☆ ...... مدنی پرچم والی ٹوپی نہ پہنی جائے، بیچنے والوں کو چاہیے بیچ کر لوگوں کو آزمائش میں نہ ڈالیں۔☆ ...... تنظیمی طور پر جلوسِ میلاد صرف ربیع الاول کی بارہویں کے دن نکالا جائے۔ ربیع الاخر میں جلوسِ غوثیہ صرف عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں نکالا جاتا ہے۔☆ ...... ہم دعوتِ اسلامی والے اپنے ملک کے لیے مسائل پیدا کرنے والے نہیں، مسائل حل کرنے والے ہیں۔☆ ...... تندرستی ہزار نعمت ہے۔☆ ...... سب سے پہلے اپنی زکوٰۃ حقدار رشتہ داروں کو تلاش کر کے دیں۔☆ ...... علماء میری برادری ہیں، میں ان کی حمایت کرتا رہوں گا۔☆ ...... علما وائمہ کرام کو 1500، 2000 کے تحائف مثلاً مٹھائی کا ڈبہ یا جانماز وغیرہ دینے کے بجائے 500 لفافے میں ڈال کر عزّت سے دیں تو ان کے دل سے دعائیں نکلیں گی کیونکہ وہ اپنی ضرورت کے مطابق اسے خرچ کر سکیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ ربیع الاول ۱۴۳۸ ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 24 دسمبر 2016ء |

☆ ...... میری مدنی التجا ہے ہر جُمُعَہ کو امام، مؤذِّن اور خادم مسجد کو کچھ نہ کچھ رقم ضرور دیا کریں۔ مساجد کے مؤذنوں اور خادموں کو نہ بھولا کریں۔☆ ...... ہم بندوں کا خیال کریں گے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم پر کرم فرمائے گا۔

☆ ...... سرکار عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو سب سے زیادہ پیلو کی مسواک پسند تھی۔☆ ...... محافل میں قراءت کرنے والے قراءت سے پہلے حاضرین کو تاکید کریں کہ حاضرین تلاوت کے دوران کوئی حرکت نہ کریں، نوٹ بھی نہ دیں، بس خاموشی سے تلاوت سنا کریں۔☆ ...... اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ پاکستان عاشقانِ رسول کا ملک ہے۔

☆ ...... مدنی قافلے لازم ملزوم ہیں میرے سارے ذمہ دار بشمول اراکین شوریٰ مجھے خوشخبری دیں کہ میں ہر ماہ باقاعدگی سے 3 دن کے مدنی قافلے میں سفر کروں گا☆ ...... مدنی قافلے کے بغیر گزارا نہیں☆ ...... مدنی قافلے دعوتِ اسلامی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔☆ ...... ہر ذمہ دار یہ ٹھان لے کہ مجھے ہر ماہ 3 دن، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور زندگی میں یکمشت 12 ماہ کے مدنی قافلے میں سفر کرنا ہے۔☆ ...... جہاں

www.dawateislami.net

ذمہ دار مدنی قافلے کے شائق (شوقین) ہوں گے، وہاں مدنی قافلے بھی مضبوط ہوگے۔☆......ہمیں مدنی قافلے سفر کروانے میں بھرپور توجہ دینی ہے۔☆......کلِپ (Clip) کے بجائے ہماری تنظیمی اصطلاح ''**مدنی گلدستہ**'' ہے۔☆...... دعوتِ اسلامی آپ کی اپنی تحریک ہے، اس کے مدنی کام بڑھانے کے لیے مدنی قافلوں میں سفر کرتے رہیں۔

| ۳۰ربیع الاول ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 29 دسمبر 2016ء |
|---|---|---|

☆......شرعی مسئلہ سیکھنا مشکل تو ہوتا ہے، اسے سیکھنے کی کوشش کرنا ہوگی۔ یاد رکھئے! علمِ دِین سیکھنے سے ہی آتا ہے۔☆......حقیقت یہ ہے کہ ہمارا ''مستقبل'' قبر ہے۔☆......افسوس! لوگ دنیا کی بہتری کے لیے تو کوشش کرتے ہیں، مگر آخرت کی بہتری کے لیے اقدامات نہیں کرتے۔☆......اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! علماء نے اردو میں مسائل کی کئی کتابیں لکھی ہیں، ان کا مطالعہ کیجئے جو مسئلہ سمجھ نہ آئے، اپنی کتاب ہونے کی صورت میں اس پر نشان لگالیں اور بعد میں علماء سے سیکھ لیں۔☆......جب کوئی اپنی یا کسی کی چیز پسند آئے تو مَاشَاءَ اللّٰہ یا بَارَکَ اللّٰہ کہنا چاہیے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نظر نہیں لگے گی۔☆......لوگوں میں آنے کے لیے اچھا لباس پہننا، جس میں شرعاً حرج نہ ہو، شریعت میں پسندیدہ ہے۔☆......مسواک کو بے ادبی سے بچایا جائے، یہ آلۂ ادائے سنت ہے، اس کا احترام کیا جائے۔☆......خاموشی بغیر سلطنت کے ہیبت ہے۔☆......اگر اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے عام مسلمان سے بھی محبت کی جائے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ثواب ملے گا۔ نبیِ کریم صَلَّی اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کرنا تو ایمان کی جان ہے۔☆......کوئی بھی مسلمان ایسا نہیں ہوگا کہ جس کے دل میں غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کی محبت نہ ہو، اس محبت کو بڑھانا چاہیے۔☆......کسی چیز سے بھی محبت کرنے کے لیے اس کے بارے میں معلومات حاصل کی جائیں مثلاً نیکی سے محبت کرنا چاہتے ہیں تو اس کے فضائل پڑھیں۔☆......محبتِ اولیاء بڑھانے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ محبتِ اولیاء رکھنے والے کی صحبت اختیار کی جائے۔

☆......مدنی انعامات پر عمل کرنا نیک، خوش اخلاق اور شریعت کا عامل بناتا ہے۔☆......مدنی انعامات کا ذمہ

www.dawateislami.net

دار اُس کو بنایا جائے جو باعمل، باصلاحیت اور اس شعبے میں رغبت رکھتا ہو۔☆...... مدنی انعامات کی ذمہ داری قبول کرنے سے عمل میں اضافہ ہوجاتا ہے۔☆......میں مدنی مذاکرہ کرتا ہوں، اس کے ذریعے میرے علمِ دین حاصل کرنے کے ذرائع بھی بن جاتے ہیں۔☆......تحریری کام سے علم میں اضافہ ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| یکم ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 30دسمبر 2016ء |

☆......گناہ کرنے والے کا گناہ قابلِ نفرت ہے، مگر یہ خود قابلِ ہمدردی ہے، اس کو سمجھانے کی ضرورت ہے۔

☆......چھپ کر گناہ کرنے سے زیادہ خطرناک علی الاعلان گناہ کرنا ہے اور یہ بُرے خاتمے کا سبب ہے۔

☆......اللّٰہ ورسول عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم ناراض ہوگئے تو گناہ کی منزل (End) مَعَاذَاللّٰہ عَزَّوَجَل جہنم ہے۔☆......شراب حرام اور بڑی خراب چیز ہے، اس کے دنیوی نقصانات بھی بہت ہیں۔☆......شرابِ عشقِ رسول پی لیں، اس کا نشہ جنت میں لے جانے والا ہے۔☆......جو حوضِ کوثر کا جام پی لے گا اس کی پیاس ہمیشہ کے لیے ختم ہوجائے گی۔☆......ہمیں جامِ عشقِ الٰہی اور جامِ عشقِ حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم پینا چاہیے۔

☆......قبرستان میں رات کو اکیلے جانے سے بچنا بہتر ہے۔☆......اللّٰہ عَزَّوَجَل ہمیں اچھا اور متقی انسان بنادے۔☆......ڈاکٹر کے بجائے اچھا حکیم ملتا ہو تو اس سے علاج کروائیں، کیونکہ ڈاکٹر کی ادویات کے نقصانات زیادہ ہوتے ہیں۔حکیم بھی دیندار ہونا چاہیے ورنہ وہ حرام ادویات بھی کھلا دے گا۔☆......صفائی شریعت کو مطلوب ہے۔

☆......افضل ذکر لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے۔☆...... ہر نعمت پر شکر ادا کرنا چاہیے۔☆......میں نماز پڑھنے پر بھی شکر کرتا ہوں کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَل! نماز پڑھنے کی توفیق ملی۔☆...... ہر سانس اللّٰہ عَزَّوَجَل کی جداگانہ نعمت ہے۔

☆......فی زمانہ علاج بہت مہنگا ہے۔کاش! علاج سستا ہوجائے۔☆......مسواک بنیتِ عبادت کریں گے تو ثواب ملے گا، نیت نہ ہوگی تو ثواب نہیں ملے گا۔☆......میں پہلی بار مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ غالباً ۱۴۰۰ھ / 1980ء میں حاضر ہوا تھا۔☆......نفسِ امّارہ کا علاج یہ ہے کہ اس کے کہنے کا اُلٹ کیا جائے۔

www.dawateislami.net

| 31دسمبر 2016ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۲ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ |
|---|---|---|

☆......ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ کے موقع پر اہلِ استطاعت ''**فیضانِ غوثِ اعظم مسجد**'' اپنے پلّے یا کچھ مدنی عطیات کی ترکیب کرکے بنائیں ۔یہ ترکیب دعوتِ اسلامی کی مجلس خدام المساجد کے ذریعے ہو۔ ☆......دعوتِ اسلامی والوں کو''فیضانِ غوث اعظم'' کے نام سے 1100 مساجد بنانی ہیں ۔☆......جو چیز کسی نیک بندے سے منسوب ہوجائے وہ بابرکت ہوجاتی ہے۔☆......حتَّی الامکان قسم نہیں کھانی چاہیے اور ضرورت ہوتو اُن الفاظ سے قسم کھائی جائے جوشرعاً جائز ہوں اورلوگوں کوبھی ان سے تشویش نہ ہو۔☆......اللہ عــزَّوَجَـل بیٹا دے یابیٹی یادونوں نہ دے،ہمیں ہرحال میں اس کاشکرگزار بندہ بننا ہے۔☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ''**برائیوں کی ماں**''اور''پمفلٹ''**شراب کی تباہ کاریاں**'' کا مطالعہ کریں اورعام نوجوانوں میں خوب تقسیم کریں۔☆......دینی تعلیم شریعت کے عطاکردہ طریقے کے مطابق ہی دی جائے۔☆......جب کوئی گھریلوتقریب مثلاًولیمہ وغیرہ ہوتومدنی مذاکرے یاVCD چلانے وغیرہ کی ترکیب بنانا اچھا ہے۔

| یکم جنوری 2017ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | ۳ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ |
|---|---|---|

☆......ولی کی دشمنی ایمان لیوا ہوسکتی ہے۔اگرکسی کے دل میں ولی اللّٰہ کی دشمنی پیدا ہوجائے توبتکلف (کوشش کرکے) دُورکرنے کی کوشش کرے اوراس مرض کا علاج کرے۔☆......گیارہویں شریف منانے،کراماتِ غوثیہ اورمناقبِ غوثیہ سننے کاایک فائدہ یہ ہے کہ محبتِ غوثِ اعظم میں اضافہ ہوتا ہے۔☆......عرس کے موقع پر صاحبِ عرس کی سیرت سننے کی برکت سے عملِ خیر میں اضافہ ہوتا اورعبادت میں ذوق وشوق بڑھتا ہے۔ ☆......ہرماہ گیارہویں شریف کریں،اِنْ شَاءَ اللّٰہ عزَّوَجَل برکت ضرور ہوگی،اگرچہ ظاہر نہ ہو۔☆......اللہ عزوجل نے چاہاتوہماراخاتمہ ایمان پرہوگااور جنت میں داخلہ نصیب ہوگا۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ☆......دنیا بھرکےکثیر مسلمان تصوف کے سلسلوں (قادریہ،نقشبندیہ،چشتیہ اورسہروردیہ وغیرہ) سے منسلک ہیں عرب دنیا میں قادری بہت ہیں،ترک میں نقشبندی ملیں گے،ہند میں چشتیوں کی ایک تعداد ہے۔دنیا کے چپّے چپّے پراولیاء

www.dawateislami.net

کرام کے ماننے والے ہیں۔☆......حضور غوثِ اعظم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی حالاتِ زندگی پر مشتمل حضرت امام ابوالحسن علی شَطْنُوفی شافعی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی کتاب ''بَھْجَۃُ الْاَسْرَار''مستندترین ہے۔یہ آج سے کم و بیش 700 سال پہلے تحریر کی گئی ہے۔☆......جو بزرگوں کے قدموں سے دور ہو کر کتنی ہی ترقی کرے وہ حقیقی کامیابی حاصل نہیں کرسکتا۔☆......نقشِ نعل پاک کی کئی برکات ہیں۔☆......نماز میں دل نہ لگے تو زبردستی (بتکلف) لگایا جائے، بیمار ہوں تو کھانے کو دل نہیں کرے، مگر کچھ نہ کچھ غذا تو کھانا ہی پڑتی ہے۔☆......زبردستی اپنے نفس کو عبادت کے لیے راضی کریں، جب روح کا علاج ہوجائے گا تو دل بھی لگ جائے گا۔☆......اللّٰہ والوں کی نسبتیں کام آہی جاتی ہیں۔☆......پیرِ کامل سے مرید ہونے کے بعد بغیر حاجت کسی اور پیر صاحب کا طالب نہیں ہونا چاہئے۔☆......اچھی اچھی نیتیں کرکے رشتہ داروں سے ملنا بھی نیکی ہے۔☆......جس نے قصداً غلط کارکردگی دی وہ گنہگار ہوا، مگر تحقیق کے بغیر کسی کے بارے میں'' غلط کارکردگی دینے'' کا یقین کرلینا بدگمانی ہے اور یہ حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔☆......اسلام اپنے مسلمانوں بھائیوں سے حسنِ ظن رکھنے کی تعلیم دیتا ہے۔☆......اپنے بڑوں کے بارے میں بدگمانی کریں گے تو اعتماد نہیں رہے گا پھر مدنی کام کیسے ہوسکے گا؟☆......کسی کی اچھی کارکردگی پر حسد نہیں کرنا چاہیے۔(حسد کی تعریف: کسی کی دینی یا دنیاوی نعمت کے چھن جانے کی تمنا کرنا)☆......ہمیں مدنی کام اللّٰہ عزوجل کی رضا کے لیے صحیح خُطُوط (Direction) پر کرنا ہے اگرچہ تھوڑا ہو۔☆......جب سفر کریں تو دنیا سے قبر کی جانب سفر کو یاد کریں۔☆......سفر میں بھی نمازوں کا خاص خیال رکھیں۔☆ٹرین وغیرہ میں وضو کرنا مشکل ہوتا ہے، کھانے پینے میں احتیاط کریں تاکہ وضو قائم رہے۔☆الرٹ رہیں، جب تک نماز نہ پڑھ لیں نہ سوئیں۔☆اوقاتِ نماز کا دھیان رکھیں، اس کے لیے موبائل فون میں دعوتِ اسلامی کی مجلسِ توقیت اور مجلس آئی ٹی کا تیار کردہ اوقاتِ نماز سافٹ ویئر ڈال لیں۔☆......ریلوے یا بس اسٹیشنوں سے سخت مجبوری کے بغیر چیزیں نہ خریدیں کیونکہ یہاں عموماً رَف، مہنگی اور صحت کے لیے نقصان دہ ہوتی ہیں، سفر میں غذا اپنے ساتھ رکھا کریں۔☆......سفر میں اور جب کبھی ہسپتال

www.dawateislami.net

داخل ہونا پڑے تو بغیر پالش کے کوری مٹی کا برتن ساتھ رکھیں، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تیمّم کرنے میں آسانی ہوگی۔ ☆...... تنظیمی طور پر مدنی مذاکرے کے اجتماعات وغیرہ میں حج وعمرہ یا بغداد شریف کے ٹکٹ کی ترکیب صرف عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں ہوتی ہے۔ ☆...... تخریب (خراب کرنا) آسان مگر تعمیر (عمارت بنانا) مشکل ہے۔ دعوتِ اسلامی کی عمارت مشکل سے بنی ہے مزید بنانے اور مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ ☆...... کم کھائیں اور چبا کر کھائیں، معدے کو کم محنت کرنا پڑے گی، ہاضمہ درست رہے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۴ ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 2 جنوری 2017ء |

☆...... مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ رسالے ''**کپڑے پاک کرنے کا طریقہ**'' کا مطالعہ کیجئے۔ ☆...... کچے لہسن ملی باجرے کی روٹی میمن حضرات کے ہاں ڈش کے طور پر تیار ہوتی ہے، یہ میری پسندیدہ ہے مگر برسوں سے نہیں کھائی کیونکہ میری عادت ہے کہ ہر ایک دو لقمے پر بِسْمِ اللّٰہ پڑھتا ہوں اور منہ میں بدبو ہوگی تو یہ نہیں پڑھ سکوں گا۔ ☆...... ترجمہ قرآن کے ساتھ تفسیر ضرور پڑھی جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 3 جنوری 2017ء |

☆...... مدینے کی برکتیں حاصل کرنے کے لیے مدنی چینل کا نام ''**مدنی چینل**'' رکھا ہے۔ ☆...... جس طرح دولت کو بچاتے ہیں اس طرح وقت بھی بچائیں۔ ☆...... وقت وہ انمول ہیرا ہے جو دوبارہ نہیں مل سکتا جبکہ دولت ضائع ہو جائے تو مل سکتی ہے۔ ☆...... لوگ سالگرہ کی خوشی مناتے ہیں کہ ہمارا لال چار سال کا ہو گیا مگر یہ بھول جاتے ہیں کہ اس کی زندگی کے چار سال کم ہو گئے۔ ☆...... ہمارا ہر سانس گویا قبر کی جانب ایک قدم ہے۔ ☆...... ''انمول ہیرے'' رسالے کا مطالعہ کریں۔ ☆...... وقت کی قدر کیجئے، جتنا وقت ملے ذکر اللہ میں گزاریئے۔ ☆...... ہمارے پیارے آقا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اپنا کوئی وقت فضول نہیں گزارا۔ ☆...... بعض امراض ایسے ہیں جن میں پرہیز کا اہم کردار ہے۔ پرہیز ضرور کیا جائے، پرہیز سے بھی مرض دور ہوتے ہیں۔ ☆...... ''**پیٹ کا قفلِ مدینہ**'' کتاب لکھنا شروع کی تو پرہیز اور کم کھانے کا ذہن بنا، ہائی بلڈ پریشر

www.dawateislami.net

تھا، دانتوں میں خون آ تا تھا، یہ دونوں امراض ختم ہو گئے۔ دائمی نزلہ رخصت ہو گیا، پیٹ کے مسائل دور ہو گئے، ہائی بلڈ پریشر، سینے کی جلن ختم ہوئی، ہائی بلڈ پریشر کی دوا آہستہ آہستہ چھوٹ گئی۔ ☆......کھانے میں احتیاط کریں۔ تھوڑا اور خوب چبا کر کھائیں۔ ☆......میں ڈر ڈر کر کھاتا ہوں، مثلاً مٹھائی سامنے آجائے تو نہیں کھاتا، اگرچہ مجھے شوگر نہیں، بعض اوقات صرف چکھتا ہوں۔ ☆......مزے لینے کے لیے کھائیں گے تو اندیشہ ہے کہ بسترِ مرض پر گر جائیں گے۔ ☆......وزیرِ اعظم ہو یا صدر، ارب پتی ہو یا کھرب پتی، کوئی بھی ٹینشن اور تکلیف سے نہیں بچ پاتا۔ اس لیے تکلیف پر صبر ہی کرنا چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ تکلیف سے آدمی بچ نہیں سکتا، تکلیف ضرور آئے گی، صبر کے بغیر چارہ نہیں۔ ☆......اللہ عزوجل سے عافیت (آفات سے سلامتی وحفاظت) مانگنی چاہیے۔ ☆......اصل عافیت گناہوں سے اپنے دامن کو بچانا ہے، گناہ خطرناک بیماری ہے۔ ☆......دعا عبادت ہے، اس لیے دعا کرنے میں سستی نہیں کرنی چاہیے۔ اللہ عزوجل سے مانگا جائے تو وہ راضی ہوتا ہے۔ ☆......غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے ہم پر بہت احسانات ہیں۔ ☆......جو اپنے دل کے آئینے کو صاف کرے گا، اس کا دل غوثِ پاک کے جلووں سے منور ہو جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجلّ ☆......اللہ عزَّوَجلّ بندوں کے ذریعے بندوں کی مدد کرتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 4 جنوری 2017ء |

☆......اے کاش! معاشرے سے بدگمانی ختم ہو جائے اور معاشرہ درست ہو جائے۔ ☆......بدگمانی کے بارے میں علم حاصل کرنا فرض ہے، مکتبۃ المدینہ کی کتاب ''**بدگمانی**'' کے مطالعے سے یہ فرض علم حاصل ہو سکتا ہے۔ ☆......ہر صحابی جنّتی اور عادل ہے ان میں کوئی بھی فاسق نہیں۔ ☆......حضرت سیدنا امیر معاویہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کاتبِ وحی اور مجتہد تھے اور مجتہد بہت بڑا عالم ہوتا ہے۔ ☆......حضرت سیدنا امیر معاویہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ بہت بلند درجے کے صحابی تھے۔ ☆......میں اپنے لیے، اپنی نسلوں بلکہ سب کے لیے دعا کرتا ہوں کہ حضرت سیدنا امیر معاویہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کے شان کے خلاف کوئی جملہ نکلنے سے پہلے ایمان پر موت آجائے۔ ☆......پیر

www.dawateislami.net

کے لیے ولی اور صاحبِ کرامت ہونا شرط نہیں۔☆......پیر کامل کے بارے میں کرامتیں نہیں ڈھونڈنی چاہئیں، ورنہ وسوسوں کا شکار ہو جائیں گے۔☆......تیل لگانے کے بعد کپڑوں کو تیل سے بچانے کے لیے سرکارِ دوعالم صلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ''سربند'' باندھا کرتے تھے، سربند مرد وعورت سب باندھ سکتے ہیں۔☆......جس کو بات بات پر غصّہ آتا ہو، وہ اس کا علاج کرے مثلاً غصہ آنے پر خاموش ہو جائے، وضو کرلے، جس کی وجہ سے غصّہ آیا ہو، اس کے سامنے سے ہٹ جائے وغیرہ۔☆......جب غصہ آتا ہے تو اس وقت دماغ درست کام نہیں کر رہا ہوتا، اس لیے ایسے وقت کوئی بڑا فیصلہ نہ کیا جائے، گفتگو نہ کی جائے۔ ورنہ غلطی ہو جانے کا قوی اندیشہ ہے۔☆......دانتوں میں خون آتا ہو تو ☆ پیٹ کی اصلاح کرے اور بھوک سے کم کھائے ☆ گھی والی غذائیں استعمال نہ کرے ☆ زیادہ گرم مصالحے والی اشیا نہ کھائے ☆ دانتوں کی صفائی میں کوتاہی نہ کرے بلکہ اپنے دانتوں کی صفائی دانتوں کے ماہر ڈاکٹر سے کروائے۔☆......دانتوں کی بیماریوں کا علاج باقاعدگی اور درست انداز سے مسواک کرنا بھی ہے۔ البتہ جب بھی مسواک کریں تو نیت اللّٰہ کی رِضا ہونی چاہئے تاکہ ثواب بھی ملے۔☆...... بہت چھوٹے بچوں کو تکلیف ہو تو وہ رو کر اظہار کرتے ہیں۔ ☆......مسجد کے پلاٹ کا بھی احترام ہونا چاہیے۔☆......پانی کم پینے سے قبض ہوتا اور دیگر بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔☆......زیادہ منزلوں والی مسجد کی اوپر والی چھت میں کوئی سوراخ ہونا چاہیے تاکہ بجلی چلی جائے یا کسی وجہ سے مائیک بند ہو جائے تو نمازیوں کو تکبیراتِ انتقال کی آواز جاسکے۔☆......12 مدنی کام تمام مجالس وشعبہ والوں کو کرنے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷ ربیع الاٰخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 5 جنوری 2017ء |

☆......مساجد میں نمازیوں کی کمی ''نیکی کی دعوت'' چھوڑنے کی وجہ سے ہے۔☆......اپنے ہمسایوں کو نماز کی دعوت دیتے رہیں۔☆......کوئی بھی شخصیت ہو، اس سے متاثر ہونے والے ضرور ہوتے ہیں، انہیں نیکی اور نماز کی دعوت دیں وہ تیار ہو جائیں گے۔ یوں شخصیات دین کا بہت کام کرسکتے ہیں۔☆...... دینے والا ہمارا

www.dawateislami.net

رحیم و کریم ربّ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہے، اس لیے ہم مانگنے میں کیوں کنجوسی کریں۔ ☆......دنیا میں غوثِ اعظم رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کے عاشق کہاں نہیں؟ ☆......کسی مسلمان کے چہرے پر سجدے کے نشان دیکھ کر ہمیں حُسنِ ظن کا جام پینا چاہیے کہ وہ عبادت گزار ہے۔ ☆......شہزادۂ امامِ حسین، حضرت امام زینُ العابدین علی اوسط رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی پیشانی پر سجدے کا نشان تھا۔ ☆......اللہ عَزَّوَجَلَّ کے لطف و احسان سے **''ماہنامہ فیضان مدینہ''** کو شائع کرنے کی قانونی اجازت مل چکی ہے، اس خوشخبری نے میرے چودہ طبق روشن کر دیئے ہیں، اس کے شکرانے میں تمام اسلامی بھائی نوافل پڑھیں۔ ☆......اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی **''ماہنامہ فیضان مدینہ''** کے ذریعے بھی دنیا بھر میں نیکی کی دعوت کی دھوم مچائے گی۔ ☆......علمائے کرام، دِینی ادارے، دارُ المطالعہ، ڈسپنسریاں، کلینک، اسپتال اور جہاں جہاں لوگ بیٹھتے اور انتظار کرتے ہوں، وہاں ہر ماہ **''ماہنامہ فیضانِ مدینہ''** پہنچانے کا اہتمام کیجئے۔ ☆......تمام ذمہ دارانِ دعوتِ اسلامی **''ماہنامہ فیضانِ مدینہ''** کو ساری دنیا میں عام کریں۔ ☆......جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ اور دارالمدینہ کی مجالس سے مدنی التجا ہے کہ اپنے شعبے سے منسلک ہر ایک کو **''ماہنامہ فیضانِ مدینہ''** کا سالانہ ہدیہ جمع کروانے کی ترغیب دلائیں۔ ☆...... **''ماہنامہ فیضانِ مدینہ''** میں تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اپنے مضامین دے سکتے ہیں۔ ☆...... **''ماہنامہ فیضان مدینہ''** کو اپنے مشورے بھی دیں، البتہ مشورہ دے کر بھول جائیں، یہ مطالبہ نہ کریں کہ اس پر عمل ہوا یا نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 6 جنوری 2017ء |

☆......مسلمانوں میں ناچاقیاں دور کریں، معاف کرنے سے بھی ناچاقی دور ہو سکتی ہے۔ ☆......جو ہمیں لفٹ نہ کروائے، اسے گلے لگا لیا کریں۔ ☆......آج گویا گھر گھر میں جنگِ عظیم چھڑی ہوئی ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمارے گھروں کو امن کا گہوارہ بنادے۔ ☆......غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ایسے روشن ہیں کہ ساری دنیا ان کی روشنی سے جگمگا رہی ہے۔ ☆......مدنی چینل دیکھنے کی دعوت عام کیجئے۔ ☆......جو بہت مدنی کام کرتا ہے، اس کی محبت کی بنیادیں دلوں میں مضبوط ہو جاتی ہیں۔ ☆......جب کسی کی بدعنوانیاں زیادہ ہو جاتی ہیں تو

www.dawateislami.net

اس کے خلاف لوگ کھڑے ہوجاتے ہیں۔☆......ہم سب کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خُفیہ تدبیر سے ڈرنا چاہیے۔☆...... **بغداد شریف جانے سے پہلے یہ نیتیں کریں**☆بزرگوں کی برکتیں حاصل کروں گا۔☆مزارات پر جاکر نیکی کی دعوت دوں گا۔☆اپنی نگاہوں کی حفاظت کروں گا۔☆اسلامی بھائیوں کو مدنی کاموں کے لیے تیار کروں گا☆مسجد بنانے کے لیے راضی کروں گا وغیرہ۔☆......مزارات پر حاضری کے لیے عُرس وغیرہ کے علاوہ تنہا جانا زیادہ مفید ہوتا ہے ۔اس سے دلجمعی زیادہ نصیب ہوتی ہے۔☆......بغداد شریف اولیائے کرام کا مرکز ہے۔وہاں قفلِ مدینہ لگا کر حاضر ہونا چاہئے تا کہ زیادہ سے زیادہ فیضانِ اولیا حاصل ہو ۔☆......غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کا ہمارے دلوں پر راج ہے۔☆......ہم **''مسجد بھرو تحریک''** والے ہیں ،ہم نیازی بھی ہیں نمازی بھی۔

| ۹ ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 7 جنوری 2017ء |
| --- | --- | --- |

☆......خاندان میں اگر کوئی دکھی اور ضرورت مند ہے تو اس کی مدد کرنی چاہیے۔☆......**اللہ** کرے جب آخری سانس ہو تو فکرِ مدینہ کرتے کرتے اس دنیا سے چلے جائیں۔☆......نیکیاں کرکے بھول جائیں اور اگر کوئی گناہ ہو گیا ہو تو توبہ بھی کریں اور اسے یاد کرکے ڈرتے رہیں۔☆......جذبہ رہنمائی کرتا ہے (جانشینِ امیر اہلسنت مدظلہ العالی)☆......جو ذمہ دار سمجھ دار ہوتا ہے، وہ سب کو اپنے ساتھ لے کر چلتا ہے۔☆......مدنی کام کرنے سے ہوتا ہے ،صرف کڑھنے سے نہیں ہوتا۔☆......شیطان کے پاس بہت چور دروازے ہیں، وہ کسی نہ کسی طرح نیک کاموں میں گھس کر ثواب ضائع کروانے کی کوشش کرتا ہے۔☆......یا غوثِ اعظم دستگیر ہر بلا چیر۔☆......**''ماہنامہ فیضانِ مدینہ''** خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی پڑھائیں۔☆...... ہر دعوتِ اسلامی والے کے گھر ہر ماہ **''ماہنامہ فیضانِ مدینہ''** آنا چاہیے۔☆......زیادہ سونے سے حافظہ کمزور ہوتا ہے۔☆......ثواب کے لیے اخلاص ضروری ہے۔☆......نماز کے لیے جگانا بڑے ثواب کا کام ہے۔☆ہم سبھی کوشش کریں کہ صدائے مدینہ لگایا کریں۔☆بعدِ فجر مدنی حلقہ اور صدائے مدینہ مشقت والے مدنی کام

www.dawateislami.net

ہیں اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کا ثواب بھی زیادہ ملے گا۔☆ صدائے مدینہ کے دوران کیچڑ سے اپنے پاؤں کو بچائیں۔☆ جہاں بدبو ہو وہاں صدائے مدینہ نہ لگائی جائے۔☆ عصا ساتھ رکھیں تاکہ کتّوں سے بچا جاسکے۔☆ تعویذاتِ عطاریہ کے بستے سے کتّوں سے بچنے کا تعویذ لے کر اپنے پاس رکھیں۔☆ تعویذاتِ عطاریہ کے بستے پر کتّوں سے حفاظت کا تعویذ بھی رکھا جائے اور صرف صدائے مدینہ لگانے والوں کو دیا جائے۔☆ ......اپنی رقم سے خرید کر کتاب پڑھیں تو اس کی برکتیں زیادہ ملیں گی۔

| ۱۰ ربیع الآخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 9 جنوری 2017ء |
| --- | --- | --- |

☆ ......درود و سلام پڑھنا ہماری زندگی سے نکل نہیں سکتا۔ ہم اسے کبھی نہیں چھوڑیں گے، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ☆ ......مونگ پھلی اعصاب کو مضبوط کرتی ہے☆ دُبلے پتلے لوگوں کے لیے مفید ہے☆ اس میں موجود فولاد خون کے نئے خلیے بنانے میں معاون ہے☆ یہ کینسر سے بچاتی ہے☆ جس کے بال گِرتے ہوں، وہ اسے کھائے تو بال مضبوط ہوں گے☆ البتہ حاملہ عورت نہ کھائے کیونکہ اس سے اُسے الرجی ہونے کا خطرہ ہے۔☆ ......یا اللہ عَزَّوَجَل جو ماہنامہ فیضانِ مدینہ کا سالانہ ممبر بنے تُو اسے پُل صراط سے سلامتی سے گزار دے۔☆ ......تمام دعوتِ اسلامی والے "ماہنامہ فیضانِ مدینہ" 12 ماہ کے لازمی بک کروائیں۔☆ ......جس کو کھجور موافق نہ ہو، وہ کھجور نہ کھائے۔☆ ......صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ چاک و چوبند رہتے تھے۔ ☆ ......کم کھانا دل میں خوفِ خدا پیدا کرتا ہے۔☆ ......حقیقی خوفِ خدا بندے کو گناہوں سے بچاتا ہے۔ ☆ ...... پیارے آقا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم اور بزرگانِ دین کی غمگساری اور غم خواری مشہور ہے۔☆ ......ہم شرعی احکام میں امامِ اعظم ابوحنیفہ اور سلسلہ طریقت میں حضور غوثِ اعظم رَحْمَةُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمَا کے پیروکار ہیں۔☆ ......اللہ، نبی اور فرشتے بے عیب ہیں۔ ہم لوگوں میں سے کون بے عیب ہے؟ لوگوں کے عیب چھپانے کی کوشش کرنی چاہیے۔☆ اسلام کو مسلمان کی عیب پوشی کا بہت لحاظ ہے۔☆ اسلام میں لوگوں کے عیبوں کو تلاش کرنے پر بند باندھا گیا ہے۔

www.dawateislami.net

| 11 ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 10 جنوری 2017ء |
|---|---|---|

☆......گھر میں عمامہ اتارنے کی حاجت نہ ہو تو عمامہ شریف باندھ کر رکھا کریں، میں گھر میں بھی عمامہ باندھ کر رکھتا ہوں۔☆......میں ناسمجھ بچوں کو نعلِ پاک نہیں لگاتا، کیونکہ یہ ادب نہیں کر پاتے۔☆......تمام مسلمانوں کو اسلامی مدنی مہینوں کے نام اور تاریخ یاد رکھنی چاہیے۔☆......دارالافتاء اہلسنت کی ایپلی کیشن (Application) بنائی گئی ہے، یہ گویا مدنی کوزے میں بغدادی سمندر بند ہے۔سب کو مبارک ہو یہ بہت بڑا خزانہ آ گیا ہے۔☆......اے کاش! ہمیں مسواک سے الفت اور پیار ہوجائے، اس کا استعمال کبھی بھی نہ چُھوٹے۔☆......جو کہے "دُعا میں یاد رکھیں" تو خاموشی سے سن لیں یا فوراً دعا دے دیں، صرف بطورِ عادت کے بجائے دعا کروانے کی نیت ہو تو یہ کہنا کارِثواب ہے۔☆......ملاقات پر جو حال احوال پوچھا جاتا ہے تو دل جوئی اور ہمدردی کی نیت سے پوچھا جائے، اچھی نیت نہ ہونے کی صورت میں ثواب نہیں ملے گا۔

| 12 ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 11 جنوری 2017ء |
|---|---|---|

☆......بوڑھا آدمی درست ہو، بہت مشکل ہے۔بوڑھوں سے کوئی حال پوچھے تو یہ کہنا اَنسب ہے "ہر حال میں **اللہ** کا شکر ہے۔"☆......ایسے سوال نہ کریں جس سے مخاطب جھوٹ میں مبتلا ہو کر جہنم کا حقدار بن جائے۔

☆......نیاز میں عمدہ کھانا ہونا چاہیے کیونکہ نیاز کا اہتمام **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رِضا اور حصولِ ثواب کے لیے ہوتا ہے۔

☆......دعوتِ اسلامی ہر مسلمان کی تحریک ہے، ہر مسلمان کو دعوتِ اسلامی میں آنے کی دعوت ہے، اس میں شامل ہونے کے لیے کوئی فارم نہیں۔☆......تمام ذمہ داران اپنے نام سے سال بھر کے لیے **ماہنامہ فیضان مدینہ** جاری کریں۔سالانہ ممبر بنیں☆......اسلامی بہنیں بھی اپنے محارم کو تیار کر کے سال بھر کے لیے اپنے گھر **ماہنامہ فیضانِ مدینہ** جاری کروائیں☆......دعوتِ اسلامی کا مدنی چینل منفرد ہے۔اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ "**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**" بھی منفرد ہوگا☆......ذیلی حلقے کے 12 مدنی کام ہر شعبے والوں کو کرنے ہیں۔☆......ہر ذمہ دار کو چاہئے کہ اپنا نعمُ البدل بنائے☆......مسجد میں درس دینے کا مقصد رضائے الٰہی کے ساتھ ساتھ یہ ہے کہ

www.dawateislami.net

اس کے ذریعے نمازیوں کو اپنے قریب کر کے ان کو دِین کا جذبہ دیں، انہیں درس اور دعوتِ اسلامی کے دیگر مدنی کاموں کے لیے تیار کریں۔ اس لیے درس کے بعد ان پر انفرادی کوشش کرنے کے لیے بیٹھے بیٹھے ملیں۔ جو ملنے آئے ان کو بٹھالیں، مدنی کاموں کا شوق دلائیں، مدنی انعامات کا تعارف کروائیں، یوں وہ مدنی کاموں کے لیے تیار ہو جائیں گے اور دعوتِ اسلامی کا مدنی کام بڑھتا چلا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ☆...... جو درس دے یا سُنے تو تنظیمی طور پر ایک درجے میں ہے یعنی دینا سننا تنظیمی طور پر برابر ہے۔ ☆...... میں حصولِ ثواب کی حرص میں درسِ فیضانِ سنت دیتا تھا۔ ☆...... ''مدنی درس'' دعوتِ اسلامی کے بنیادی کاموں میں سے ہے۔ ☆...... نگرانِ ذیلی مشاورت تا اراکینِ شوریٰ ہر ذمہ دار مدنی درس دیتا سنتا رہے۔ ☆...... فکرِ مدینہ سے آسان کام کوئی بھی نہیں، اس میں ہرگز سستی نہ کیا کریں۔ (نگرانِ شوریٰ)

| | | |
|---|---|---|
| 13 ربیع الاخر ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 12 جنوری 2017ء |

☆...... مدنی فیس لیتے وقت یہ بھی کہا کریں، یہ نیک کام آپ کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کے لیے کرنا ہے۔

☆...... اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے نیک بندوں کے دلوں سے مال کی حرص نکال دیتا ہے اور یہ حقیقی غنا ہے۔ ☆...... میں پہلے سیلفی سے منع کرتا تھا، مگر اب دِل جوئی کی نیت سے بنانے کی اجازت دے دیتا ہوں۔ ☆...... اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! مجھے جھاڑنے کی عادت نہیں۔ ☆...... سیلفی بنوانے والوں کے لیے اچھی نیت مشکل ہے، پہلے لوگ دعا کے لیے کہتے تھے، اب اپنے ساتھ تصویر بنوانے کا کہتے ہیں۔ ☆...... اللہ عَزَّوَجَلَّ نے دنیا میں عزّت دی ہے، آخرت کی عزت سے محروم نہ کرے اور دنیا کی ذِلت سے بھی بچائے۔ ☆...... جو اسلامی بھائی عمامہ نہیں باندھتے وہ جیتے جی یہ سُنّت اپنالیں۔ ☆...... اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں خوش عقیدہ علماء کے قدموں میں رکھے۔

☆...... جو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ کے جھنڈے تلے ہیں، ہم اس کے جھنڈے تلے ہیں۔ ان کے بارے میں وسوسہ آئے تو اسے دور کریں۔ ☆...... صبر پہلے صدمے پر ہے بعد میں تو صبر آ ہی جاتا ہے۔ ☆...... مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''تکلیف نہ دیجئے'' گھول کر پینے والی ہے، اس کا مطالعہ

www.dawateislami.net

کیجئے، آپ کو بہت نفع ہوگا۔☆......مسلمان کے بارے میں حُسنِ ظَن کے پہلو تلاش کرنا ضروری ہے۔

☆......یاربّ! ''**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**'' دنیا بھر میں گھر گھر عام ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| 16 ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 14 جنوری 2017ء |

☆......عالمِ دین مسلمان قوم کا اہم جُز ہے، یہ قوم کا قلب (دِل) اور سر (دماغ) ہے۔ ☆......عالم کے بغیر گزارہ نہیں، معاشرے سے عالم کو مائنس کردیا جائے تو یہ کچرے کا ڈھیر ہے۔☆......عالم جب تک علمِ دین کی اشاعت وخدمت کرتا رہے گا، عالم رہے گا ورنہ علم بھول جائے گا۔☆......علمِ دین کی دولت ساری دنیا کی دولت سے افضل ہے۔☆......طلبہ علمِ دِین نجی مطالعہ (Personal Study) جاری رکھیں۔☆......علم میں یہ کمال ہے کہ جب اس کو عام کیا جائے تو یہ بڑھتا ہے۔☆......علمِ دین روشنی ہے جتنی روشنی بڑھے گی ہماری آخرت کی راہ آسان ہوگی۔☆......عام طور پر مساجد خوشبودار نہیں رکھی جاتیں۔ مسجد کے آداب کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اگربتیاں یا عود وغیرہ جلایا جائے، مگر اچھی اور خالص خوشبو استعمال کی جائے، ناقص سے لوگوں کو کھانسی اور سر درد ہوسکتا ہے۔☆......کوئی چیز گم ہوجائے یا کوئی حاجت ہو تو مضبوط اعتقاد کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے زیادہ سے زیادہ ''**یَارَبِّ مُوْسٰی، یَارَبِ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم**'' پڑھئے۔☆......نماز دنیا کی دولت سے اہم بلکہ اہم ترین ہے۔☆......نماز کے فضائل اور ترک کی وعیدوں پر نظر رکھیں تو نماز پڑھنے کی طرف دل مائل ہوگا۔☆......خوشی ہو تو سجدۂ شکر یا دو رکعت نمازِ شکر ادا کرنی چاہیے۔☆......''**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**'' بھی علم حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ اس میں علم کے سمندر کو گویا کُوزے میں بند کردیا ہے۔

☆......اسلامی بہنیں کارکردگی دینے میں سبقت لے جاتی ہیں۔☆......امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِیَه ''**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**'' کے سالانہ ممبر بن چکے ہیں، ہر دعوتِ اسلامی والا اور والیاں اِس کا ممبر بنیں۔ (نگرانِ شوریٰ مدظلہ العالی) ☆......''**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**'' کی جتنی جلدی بکنگ کروائیں گے جلد ثواب شروع ہوجائے گا۔

☆......**اللّٰه** عَزَّوَجَلَّ کرے مسلمان ''**ماہنامہ فیضان مدینہ**'' خود بھی پڑھیں، اپنے گھر والوں اور بچوں کو

www.dawateislami.net

پڑھائیں۔☆......دِینی طلبۂ علم ہی حقیقی طور پر طلبۂ کرام ہیں۔☆......اے کاش! ہر گھر میں کم از کم ایک عالمِ دین ہو۔☆......گھر والے دِینی کاموں میں رکاوٹ ڈالیں تو جھگڑا نہ کریں۔جب والد، والدہ یا بڑے بھائی بہن آئیں تو احترام کے لیے کھڑے ہو جائیں، آپ، جی کے الفاظ استعمال کریں، والدین کے ہاتھ پاؤں چومیں۔اپنے آپ کو بدلیں، گھر والے خود ہی بدل جائیں گے۔☆......والدین بچوں سے ہاتھ جوڑ کر مدنی ماحول میں بھیجنے کی کوشش کریں۔☆......دنیا میں سب سے پہلے حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلام کی نمازِ جنازہ پڑھی گئی۔☆......**"مدنی دورہ"** مدنی قافلے تیار کرنے کی مشین ہے۔مدنی دورہ کی علاقائی سطح پر 3 رکنی مجلس بنائی جائے، اراکینِ مجلس مدنی دورہ کرنے کا جذبہ رکھنے والے ہوں۔☆......مارکیٹوں میں کام کاج کے وقت **"مدنی دورہ"** زیادہ فائدہ مند ہے ☆......"مدنی دورہ" کے دوران دیکھ کر "نیکی کی دعوت" دینا اتنا پُر اثر نہیں ہوگا، اسے رٹ لیں، لفظ بہ لفظ یاد کرلیں۔☆......کہیں ظہر، کہیں عصر، کہیں مغرب کے بعد اور رمضان میں ظہر کے بعد "مدنی دورہ" کیا جائے۔اس میں مشقت زیادہ ہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ثواب بھی زیادہ ملے گا۔☆......"مدنی دورہ" کا ذمہ دار چست ہوگا تو یہ کام مضبوط ہوگا۔☆......"مدنی دورہ" کرنے والے سے لوگوں کو محبت ہو جاتی ہے۔☆......"مدنی دورہ" میں دوسروں کے ساتھ ساتھ مدنی دورہ کرنے والے کی بھی اصلاح ہوگی، حسنِ اخلاق کی چمک دمک آجائے گی اور نمازیوں کی تعداد بھی بڑھ جائے گی۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ☆......"مدنی دورہ" میں شخصیات بالخصوص مسجد کے امام، علماء و مفتی صاحبان کو بھی شرکت کروائیں۔ایک بچہ بھی شامل ہو جائے، دو یا زیادہ نہ ہوں ورنہ وہ آپس میں باتیں کرتے رہیں گے۔☆......یااللّٰہ عَزَّوَجَل! جو ہفتے میں اکثر "مدنی دورہ" کی دھومیں مچائے، اُسے اِس سے پہلے موت نہ دینا جب تک وہ کلمہ نہ پڑھ لے۔☆......جو بابرکت چیز یا جگہ ہوتی ہے، اُسے عرفاً شریف کہتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 17 ربیع الغوث ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 15 جنوری 2017ء |

☆......جو بااخلاق ہو، مسکراتا رہتا ہو، دوسروں کے دُکھ سُکھ میں حصہ لیتا ہو، خوشگوار موڈ والا ہو تو وہ ہر دل عزیز

www.dawateislami.net

ہوجاتا ہے، جواس کے برعکس ہو وہ تنہا رہ جاتا ہے۔☆ ......بنیّتِ سنّت مسکرائیں گے توانْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ثواب بھی ملے گا اور لوگوں کے دلوں میں خوشی بھی داخل ہوگی۔☆ ...... جہاں رعب قائم رکھنا ہو وہاں نہ مسکرایا جائے، جیسے چیکنگ والے بہت سنجیدہ رہتے ہیں۔☆ ......جب کوئی مسکرائے اور کوئی وجہ نہ ہو جواباً مسکرانا چاہیے۔☆ ...... مسکرانا ضروری ہے۔☆ ......سب پر شفقت اور حسنِ خلاق سے پیش آئیں گے تو لوگ محبت کریں گے۔☆ ......محبت دو، محبت لو، نفرت کرو گے تو نفرت ملے گی۔☆ ......سلام کرنے سے دل سے کینہ دور ہوتا اور محبت بڑھے گی۔☆ ......زیادہ دام لینا مروتاً نامناسب ہے۔کم نفع لینا کاروبار کے لیے مفید ہے،اس سے بِکری بڑھ جاتی ہے۔☆ ......عام لوگوں کو رِیا کاری کے بارے میں معلومات نہیں ہوتیں اور وہ جہالت کی وجہ سے رِیا کاریاں کررہے ہوتے ہیں، یاد رہے! ریا کاری سے نیکیاں ضائع ہوجاتی ہیں۔☆ ......لوگوں کے سامنے آنے کے لیے عمدہ لباس پہننا سُنّت سے ثابت ہے۔☆ ......میں نرم ٹوپی پر ہلکا پھلکا عمامہ باندھتا ہوں۔☆ ......سیاسی کرسی کسی کو راس نہیں آئی۔☆ ......کمزور طلبہ کو بھی ضائع نہ کیا جائے۔

☆ ......دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول قابلِ رشک ہے۔☆ ...... ہمدردی کرنے سے دل جوئی ہوتی ہے۔

☆ ......دعوتِ اسلامی بہت بڑی قوم اور قبیلہ ہے،اس کا کوئی فرد بھی تکلیف میں ہو تو خیر خواہی کرنی چاہیے۔

☆ ......میں نے بہت جنازے پڑھے اور پڑھائے ،تدفین میں حصہ لیا اور بہت سے نکاح بھی پڑھائے۔

☆ ......اَلْحَمْدُلِلّٰہ عزوجل! مدنی ماحول کی برکت سے ہم نے شادی کے ناجائز فنکشن ختم کروا کر اجتماعِ ذکر و نعت کی ترکیب بنائی۔☆ ......اَلْحَمْدُلِلّٰہ عزوجل! میں نے نیکی کی دعوت پر مشتمل بہت مکتوب (لیٹر) بھیجے ہیں۔میں نے یہ تحریری کام برسوں خود کیا ہے۔☆ ......عوام کی کو جو بات سمجھ میں آئے وہی بات کی جائے ورنہ عوام کو فتنے میں پڑنے میں دیر نہیں لگتی۔عوام کو بہت سنبھل کر چلانے کی ضرورت ہے۔☆ ...... ”عَلَیْہِ الرَّحْمَہ“ کے بجائے رحمۃ اللّٰہ علیہ کہا جائے، یہی عوام میں رائج ہے۔☆ ......مطالعہ اس وقت مفید ہوتا ہے، جب نیند نہ آرہی ہو، کسی قسم کی ٹینشن نہ ہو، بھوک نہ لگی ہو، شور شرابا بھی نہ ہو، الغرض مانع مطالعہ کوئی چیز نہ ہو تو مطالعہ زیادہ

www.dawateislami.net

مفید ہوگا۔☆......جس سُنّی مدرسے میں دارالمطالعہ ہو اس میں ذمہ داران ہر ماہ ’’**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**‘‘ پہنچانے کی ترکیب بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ ربیع الاخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 20 جنوری 2017ء |

☆......اسلامی معلومات کی کمی اور دِین سے دوری کی وجہ سے معاشرتی برائیاں بڑھتی جارہی ہیں۔☆......بخار سے بچنے کے لیے نزلے کو روکو☆......طلبہ و طالبات کی مخلوط تعلیم (Co-Education) سے اپنے بچوں کو بچایئے☆......پورا گھرانہ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں آجائے تو گھر امن کا گہوارہ بن جائے گا۔☆......حرکت کریں، اللہ ربُّ الْعِزَّت ضرور برکت دے گا اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ☆......اولاد کو اپنے کنٹرول میں رکھئے، بُری صحبت اور سوشل میڈیا (Social Media) سے بچایئے۔☆......دل لگے یا نہ لگے، نماز پڑھتے رہیں۔ ☆......آخرت کی پہلی منزل قبر ہے۔☆......ہماری منزل اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا ہے، جس مومن کو یہ منزل مل گئی وہ کامیاب ہوگیا، اصل کامیابی یہی ہے۔☆......کسی کو شہرت حاصل ہوجانا اس بات کی دلیل نہیں کہ اسے رضائے الٰہی کی منزل حاصل ہوگئی☆......اللہ عَزَّوَجَلَّ ہماری زبان اور دل کو ایک کردے، کاش! حقیقی معنوں میں اخلاص کی دولت نصیب ہوجائے☆......ہفتہ وار اجتماع دعوتِ اسلامی کا پہلا مدنی کام ہے۔☆......ہفتہ وار اجتماع کے بیان اور دعائیں لوگوں کی اصلاح کا باعث بنتے رہے اور بن رہے ہیں☆......سگریٹ سے جان چھڑالیں، اس سے کینسر ہونے کا خطرہ ہے۔☆......حُسنِ اخلاق سے ہی کسی کا دل جیتا جاسکتا ہے۔☆......مسکرانے سے دشمن دوست اور جھاڑنے سے دوست بھی دشمن ہوسکتا ہے۔☆......پیرِ طریقت ہونے کے لیے ولی اور صاحبِ کرامت ہونا شرط نہیں بلکہ چار شرائط ہیں: (۱) سُنّی صحیح العقیدہ ہو (۲) عالم ہو (۳) فاسقِ معلن نہ ہو (۴) اس کا سلسلۂ طریقت متصل ہو۔☆......اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے ہم سب کا مدنی ذہن بن جائے۔☆......’’**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**‘‘ آپ کا اپنا ماہنامہ ہے، اس کی سالانہ بکنگ کروالیں۔ گھر میں ہوگا تو دیگر گھر والے بھی پڑھیں گے☆......’’**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**‘‘

www.dawateislami.net

نیکی کی دعوت عام کرنے کا ایک طریقہ ہے اللہ عزَّوَجَلَّ اسے ترقی دے اور نظرِ بد سے بچائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ربیع الآخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 21 جنوری 2017ء |

☆......معاشرتی نظام وہی درست ہے جسے شریعت نے اپنے دامن میں لیا ہو☆......دوسروں کا انجام دیکھ کر اپنے لیے عبرت کے مدنی پھول چن لینا عقل مندی ہے☆......دھوکا دینا حرام و جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔☆......''باآسانی'' کا لفظ ہمارے ہاں بہت استعمال ہوتا ہے، ہر کام آسانی سے نہیں ہوتا کچھ نہ کچھ مشقت اٹھانا پڑتی ہے☆......معاشرے میں مفاد پرستی بہت ہے، یہ اچھی چیز نہیں۔☆......بعض اوقات انجانے میں ہم ایذائے مسلم کے گناہ میں پڑ جاتے ہیں، اس لیے اپنے افعال پر غور کرتے رہیں☆......باطنی اُمور کے بارے میں معلومات نہ ہوں تو ان سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔ اس کے لیے مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''**باطنی بیماریوں کی معلومات**'' کا مطالعہ کیجئے۔☆......تکبُّر علم کو کھا جاتا ہے، متکبر اہلِ علم کو علم کی روحانیت نصیب نہیں ہوتی۔☆......تہجد اعلیٰ درجے کی عبادت ہے۔☆......مالداروں کے پاس عموماً علمِ دین نہیں ہوتا اس لیے وہ غریبوں کو حقیر جاننے میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔☆......کسی مُعَیَّن شخص کو متکبّر قرار دینے سے بچنا چاہیے، زبان کو بند رکھنے میں عافیت ہے۔☆......ہر کمال کو زوال ہے یہ بات عمومی طور پر درست ہے، مگر ہر کمال کو زوال نہیں، انبیاء عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلام کی نبوت کو زوال نہیں۔☆......حُسن و جمال امتحان ہے، اس سے بھی تکبُّر پیدا ہوسکتا ہے۔☆......مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''**تکبُّر**'' کا مطالعہ کیجئے☆......''ماہنامہ فیضانِ مدینہ'' نیکی کی دعوت عام کرنے کے لیے شروع کیا ہے۔☆......میری روحانی اولاد لاکھوں میں ہے، اس لیے میں بہت محتاط اور پھونک پھونک کر قدم اٹھاتا ہوں۔☆......دعوتِ اسلامی کانچ کا محل ہے، کانچ کے محل میں پتھروں سے نہیں کھیلا جاتا۔☆......عوام علماء کی محتاج اور حاجت مند ہے اور لوگ علماء کے محتاج رہیں تو اس میں ان کا فائدہ ہے، علما سے سرکشی میں نقصان ہے۔☆......یااللہ عزَّوَجَلَّ! جو جس طرح بھی جائز طریقے پر 12 ماہ کے لیے بکنگ کروائے، اسے پُل صراط سے آسانی سے گزار دے☆......اللہ عزَّوَجَلَّ ہمیں دنیا و

www.dawateislami.net

آخرت اور قبر کی گھبراہٹ سے بچائے۔☆ ......اپنی کامیابیوں اور منصب کے بارے میں یہ ذہن بنالیجئے کہ یہ میرا کمال نہیں، اللہ عَزَّوَجَلَّ کا کرم ہے اس نے اپنی مہربانی سے مجھے توفیق عطا فرمائی۔☆ ......حقیقت میں دولت بہت بڑی آفت ہے۔☆ ......زہے نصیب ''**مدنی دورہ**'' پوری دنیا میں عام ہو جائے ☆ ......چوک درس ضرور دیں مگر حقوقِ عامہ تلف نہ ہوں، اس وقت چوک درس دیں، جب لوگ دنیوی کاموں سے فارغ ہوں مثلاً اس وقت کام کا وقفہ ہو وغیرہ ☆ ...... ہر بازار اور چوک میں درس شروع کریں، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے دیگر مدنی کاموں میں بھی ترقی ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| 30 ربیع الآخر ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 28 جنوری 2017ء |

☆ ......محتاط جملے اچھے ہیں۔☆ ......مسواک ایسی پیاری سنت ہے کہ پیارے آقا، حبیبِ کبریا صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے وصالِ ظاہری سے پہلے آخری لمحات میں اسے استعمال فرمایا ☆ ......مسواک شریف کو زندگی میں اتنا استعمال کریں کہ یہ آخری سانس تک ہمارے ساتھ رہے ☆ ......چاہیں تو ہر ماہ تنخواہ کا ایک فیصد یا روزانہ کی بِکری (سیل) کا ایک فیصد گیارہویں شریف کے لیے رکھ لیا کریں، اسے کسی بھی نیک کام میں خرچ کر سکتے ہیں، کھانا بھی کھلایا جاسکتا ہے۔ کھانا کھلانا معمولاتِ اہلِ سنّت سے ہے۔☆ ......پانی پلانا بہت ثواب کا کام ہے ☆ ......ہم سب کو سادہ لباس پہننا چاہیے اور شوخ لباس سے اجتناب کرنا چاہیے ☆ ......خوشی کے وقت آدمی عمدہ لباس پہننا پسند کرتا ہے اور یہ فطری بات ہے ☆ ......ہم مسلمان ہیں، ہمیں خوشی اور غمی میں بھی شریعت کے دائرے سے باہر نہیں نکلنا ☆ ......اگر کسی میں صلاحیت ہو، نمازی اور داڑھی والا ہو، فاسقِ معلن اور خیانت کرنے والا نہ ہو، اگرچہ وہ عمامہ نہ باندھے، مدنی لباس نہ پہنے، اسے دعوتِ اسلامی کی ذمہ داری دی جائے، ذیلی، حلقہ، علاقائی اور ڈویژن مشاورت کی ذمہ داری بھی دی جاسکتی ہے۔☆ ......عمامہ اور سفید لباس ہماری منزل نہیں ہے، ہماری منزل رِضائے اِلٰہی ہے ☆ ......عمامہ باندھنے پر زور نہیں دینا چاہیے، ہوسکتا ہے گھریلو مسائل کی وجہ سے وہ عمامہ نہ باندھتا ہو ☆ ......اوّلاً اسلامی بھائیوں کو عمامے کی دعوت دینے کے بجائے

www.dawateislami.net

نماز کی دعوت دیا کریں☆......دعوتِ اسلامی کے جملہ مدنی کام مشاورت سے ہوتے ہیں☆......مدنی کام حکمتِ عملی سے کیا جاتا ہے☆......لڑائی جھگڑے سے بچیے کیونکہ لڑائی میں مخاطب سے زیادتی ہو جاتی ہے ☆......تحریک متحرک کارکنان سے چلتی ہے☆...... ویٹنگ رُوم(Waiting Room)اور پبلک پلیس (Public Place)وغیرہ (جہاں لوگوں کے پاس کچھ نہ کچھ وقت ہوتا ہے) کے انچارج حضرات سے ترکیب بنا کروہاں ''**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**'' رکھوایئے ،کوئی ویٹنگ روم اور پبلک پلیس ''**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**'' سے محروم نہ رہے☆......مجلس نشرواشاعت،مجلسِ رابطہ،مجلسِ ڈاکٹرز اور شعبۂ تعلیم کے اسلامی بھائی ''ماہنامہ فیضانِ مدینہ'' کو عام کرنے کے لیے حرکت میں آجائیں،حرکت میں برکت ہے،انہیں کام مل گیا ہے،یہ اس کے لیے بھرپور کوشش کریں۔☆......آبِ زم زم باعث برکت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| یکم جمادی الاولیٰ ۱٤۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 29 جنوری 2017ء |

☆...... پلاسٹک کی تھیلیوں اور برتن میں گرم کھانے کی چیز نہ ڈالا کریں،اس طرح کھانے میں کیمیکل مل جاتے ہوں گے اور صحت کو نقصان پہنچتا ہے☆......مرغی کے پنجے پکانے کا طریقہ یہ ہے کہ نمک ملے آٹے کو گیلا کر کے پنجوں پر تھوڑی دیر کے لیے لگا کر رکھ لیں پھر اسے دھولیں،اس کے بعد اسے اچھی طرح پکالیں۔☆......مچھلی کوئلے پر پکانا مفید ہے، اس کا سالن بھی صحت کے لیے اچھا ہے، آج کل عموماً تیل یا گھی میں اسے تلا جاتا ہے،ایسا نہ کیا جائے کیونکہ تلنے سے اس کے فوائد میں کمی ہو جاتی ہے۔☆......دنیا میں جو پیدا ہوا اسے ایک دن مرنا ہے۔☆......سوچ کر بولنا چاہیے،پہلے تولو بعد میں بولو☆......جوش میں جھوٹا مُبالغہ ہو جاتا ہے، اس سے بچیے ☆......مدنی مُنّوں اور مدنی مُنّیوں کو''کیا حال ہے؟'' کے جواب میں اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! کہنا سکھائیں ☆......اگر کھانا پسند نہ آئے تو کھانے کو عیب لگانے سے بچا جائے☆......میزبان کھانے کے بارے میں مہمان سے سوالات نہ کرے☆......کوئی آئے تو مسکرا کر اس کا استقبال کیا جائے،اگرچہ آپ کتنے ہی مصروف ہوں۔

www.dawateislami.net

☆……مردوں کیلئے ٹخنوں کو ننگا رکھنا سُنّت ہے۔☆……نماز میں لباس مہذّب ترین ہونا چاہیے۔☆……ہم دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہوکر مدنی انعامات پر عمل اور مدنی قافلوں کے مسافر بنتے رہیں گے، نیکی کی دعوت دیتے رہیں گے تو فیشن کی یلغار سے بچ جائیں گے☆……داتا گنج بخش سید علی ہجویری رَحْمَۃُ اللّٰہ تَعَالٰی عَلَیْہ بزرگوں کے بزرگ، اولیاء کے سردار اور بہت بڑے ولی اللّٰہ ہیں۔ان کے شہر لاہور کو داتا کی نگری نہ کہا جائے کہ یہ تصغیر ہے، داتا نگر کہنے میں حرج نہیں۔ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں لاہور کو مرکز الاولیا کہتے ہیں۔☆…… برادری میں شادی کرنا جائز بلکہ مناسب ہے،لیکن کُفُو ہونے کے باوجود برادری کے باہر شادی نہ کرنے کی سوچ درست نہیں☆……میں شرعی مسائل کی فیلڈ میں بچپن سے ہوں ،مفتیِ اعظم پاکستان ،مفتی محمد وقارالدین قادری رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی بہت صحبت پائی ہے☆……لوگ برادریوں کے بڑوں سے فیصلے کرواتے ہیں، ہم مسلمان ہیں ہمیں شرعی فیصلے علما و مفتیانِ کرام سے کروانے چاہئیں☆……داڑھی مردوں کا نشان ہے☆…… برکت حاصل کرنے کے لیے نقشِ نعل پاک مرد و عورتیں سب لگا سکتے ہیں☆……ہم سب کو ''ماہنامہ فیضانِ مدینہ'' کی سالانہ بکنگ بھی کروانی ہے،اسے پڑھنا بھی ہے۔☆……''ماہنامہ فیضانِ مدینہ'' پڑھیں گے تو مدینے کا فیضان پائیں گے۔☆……''ماہنامہ فیضانِ مدینہ'' کی سالانہ بکنگ کرواتے ہوئے انگریزی کیپٹل ورڈز میں وہ ایڈریس لکھیں، جس پر خط آتا ہے☆……میں ایک عبارت بھی لکھتا ہوں تو لکھنے کے بعد دوبارہ پڑھتا ہوں☆……جب بھی قلم سے تحریر لکھیں تو خوش خط لکھنے کی کوشش کریں۔☆……عالمِ دین کی تعظیم فرض ہے☆……جن کے یہاں اموات ہوئی ہیں اور میراث تقسیم نہ ہوئی ہو تو فوراً دارالافتاء اہلسنت میں ورثاء کی تفصیل بیان کر کے معلومات حاصل کریں۔☆……لُغت کے اعتبار سے دوائی کے بجائے ''دوا'' کہنا درست ہے☆……حضرت امام مہدی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ خلیفۂ راشد، مجتہد، سید، غوث اور ولی اللّٰہ ہوں گے۔☆……حقیقی طور پر دعوتِ اسلامی والا وہ ہے جو بااخلاق، پہلی صف میں نمازِ باجماعت

www.dawateislami.net

پڑھنے کا حریص، مدنی مذاکرے کا پابند، بُرے دوستوں سے دور رہنے والا، نرم مزاج، سنّتوں پر عمل کرنے والا اور مدنی کاموں میں حصہ لینے والا ہو۔☆......مدنی قافلے دعوتِ اسلامی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی طرح ہیں☆......مدنی قافلوں کے مسافر مجھے اچھے لگتے ہیں۔☆......کچھ اسلامی بھائی مدنی قافلے میں سفر کرنے کے بجائے، سفر کرنے والوں کے اخراجات دے دیتے ہیں، ایسا کرنے والے خود بھی مدنی قافلے میں سفر کیا کریں☆......مدنی قافلہ کم از کم 3 دن کا ہے☆......دِین پھیلانے والوں میں مدنی قافلے میں سفر کرنے والے سرِفہرست ہیں، یہ مساجد کو آباد کرنے والے ہیں☆......غیر مسلم مدنی قافلوں کی وجہ سے دِین کی طرف مائل ہوتے اور بعض مسلمان بھی ہو جاتے ہیں☆......نیکی کی دعوت دینا، دِین پہنچانا، انبیائے کرام علیہم السلام کا کام ہے☆......نیکی کی دعوت میں وہ مدنی پھول جو دِین کے لیے ابھارنے والے ہوں وہ رٹ لیں، زبانی یاد کر لیں اور انفرادی کوشش میں بیان کریں☆......"**12 مدنی کام کورس**" نگرانِ ذیلی مشاورت تا اراکین شوریٰ ہر ایک کو کرنا ہے۔☆......بڑے ذمہ داران مدنی قافلوں میں سفر کریں تو دیگر اسلامی بھائی جلد تیار ہو جاتے ہیں۔تمام ذمہ داران کو پابندی سے مدنی قافلوں میں سفر کرنا ہے☆......حقیقت میں دعوتِ اسلامی کا ذمہ دار وہی ہے جو مدنی کام کرتا ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 11 فروری 2017ء |

☆......اپنے بچوں کے سامنے اس نیت سے اللہ اللہ کیا کریں کہ وہ بھی اللہ اللہ کرنے والے بن جائیں۔
☆......اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے، ہم اپنے اہلِ خانہ کو قرآنِ کریم کے حکم پر عمل کرتے ہوئے دِین کے احکام سکھائیں۔☆......جو ہم بولتے ہیں، لکھتے ہیں عمل کرتے ہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ سب کو جانتا ہے۔☆......بڑھاپے کی عمر میں کوئی کوئی پہنچتا ہے اکثر جوان اور اُدھیڑ عمر میں فوت ہو جاتے ہیں☆......دل میں خوفِ خدا موجزن ہوا تو کسی کو ذلیل و رسوا کرنے کی سوچ بھی نہیں ہوگی☆......ہم مسلمان کو راحت نہیں پہنچا سکتے تو کم از کم کسی کی دل آزاری کا باعث نہ بنیں☆......بچوں کے گناہ شمار نہیں ہوتے، مگر اس کی نحوست تو ہوتی ہے☆...... ہر سوال

www.dawateislami.net

اوراعتراض کا جواب دینا مناسب نہیں ہوتا ☆......اعتراضات کی دنیا بہت وسیع ہے ☆...... ہر ہاتھ چومنے والا عقیدت مند نہیں ہوتا ☆...... اللہ عزوجل وہ کام نصیب کرے، جس سے اس کی رضا حاصل ہو۔

☆......زبان کا قفلِ مدینہ لگانے والے کو نیکیاں کرنے کا زیادہ موقع ملتا ہے ☆...... باعمل با اثر ہوتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 20 جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸ ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 18 فروری 2017ء |

☆......آبِ زم زم کا ایک قطرہ، پانی سے بھری دیگ میں ڈال دیا جائے تو برکت کے لیے کافی ہے

☆......اگر آپ کے موبائل میں میوزیکل ٹون (Musical Tune) ہو تو فوراً بدل دیں۔ بچوں کے وہ جوتے یا پنگھوڑے نہ خریدیں، جس میں میوزک ہوتا ہے۔ ☆......ذکر اللّٰہ روح کی غذا ہے۔ ☆......اللہ عزوجل ہماری روحوں، جسموں، نیتوں اور ذہن و دِماغ کو پاک، پاک اور پاک فرمائے ☆......اپنے مدنی منّوں اور مدنی منّیوں کو اسلامی معلومات پر مشتمل سوالات اور ان کے جوابات یاد کروائیں ☆......مطالعہ کا شوق نہ ہو تو ابتدا میں اسلامی حکایات پڑھیں مثلاً حضرت سیدنا عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی 425 حکایات، 152 رحمت بھری حکایات، مکتبۃُ المدینہ کے چھوٹے رسائل وغیرہ، البتہ سب سے پہلے ضروری عقائد اور فرائض سیکھنا ضروری ہے۔ ☆......مطالعے میں دل لگے یا نہ لگے کُتُب کا مطالعہ ضرور کریں، مطالعہ کرتے رہیں گے تو دل لگ ہی جائے گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزوجل ☆......مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''**کفریہ کلمات کے بارے سوال جواب**'' تو گھول کر پینے والی ہے، ایمان کی حفاظت کے لیے اسے ضرور پڑھیے ☆......اہم مدنی پھول یادداشت والے صفحے یا کتاب کے شروع میں لکھ لیا کریں ☆......اللہ عزوجل میری دعوتِ اسلامی کے ذمہ داران کو سلامت رکھے ☆...... ہر ماہ مدرسۃ المدینہ کے 12 یا اس سے زیادہ عمر کے مدنی منّوں کو ترغیب دلائیں کہ وہ سرپرستوں کو تیار کر کے مدنی قافلوں میں سفر کریں ☆......مدنی قافلے ''مسجد بھرو تحریک'' کو کامیاب کرنے کا بہترین نسخہ ہیں ☆......اصل دولت نیک اعمال پر ملنے والا ثواب ہے ☆......دعوت ایسے وقت میں رکھی جائے، جس میں کوئی نماز نہ آئے اور ایسا وقت ہو تو دعوت کرنے

www.dawateislami.net

والا نماز کے وقت سب کو نماز کی دعوت دے۔☆......غُصّہ آئے تو اس کو کنٹرول کریں،اس وقت کوئی گناہ نہ ہونے پائے۔☆...... بیرونِ ملک کے اسلامی بھائی کوشش کریں کہ اپنے ملک میں ''**ماھنامہ فیضانِ مدینہ**''منگوانے کی ترکیب بنائیں اور اس کو عام کریں☆......جنہوں نے''ماہنامہ فیضانِ مدینہ'' کی سالانہ بکنگ کروائی ہو اور ان تک ماہنامہ نہ پہنچا ہو تو ان نمبرز پر اپنی بکنگ یا بینک کی رسید واٹس اپ کر دیں یا اس کا نمبر Sms کر کے اپنی بکنگ کو کنفرم کریں۔(نگرانِ شوریٰ) بکنگ کی معلومات اور شکایات کے لیے نمبر:021111252692۔۔صرف Sms یا واٹس ایپ کے لیے نمبر:03131139278

| | | |
|---|---|---|
| 28 جمادی الاولیٰ ۱۴۳۸ ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 25 فروری 2017ء |

☆......ماں باپ اور استاذ رعب اور پیار سے سمجھائیں، اعتدال ضروری ہے۔ بہت زیادہ رعب یا بہت زیادہ پیار بچوں کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔محبت بھی دیں اور رُعب بھی رکھیں☆......نیند پوری نہ ہونے کی وجہ سے بعض اوقات خرّاٹے آتے ہیں☆......درس میں دل لگانے کے لیے حکایات و کرامات کا انتخاب کیا جائے ☆......حکایات وکرامات کی طرف انسانی دل جلد مائل ہوتا ہے☆......میرے بیانات کا طریقہ یہ رہا ہے کہ درود شریف کی فضیلت بیان کرنے کے بعد حکایت سے شروع کرتا اور پھر اس سے حاصل ہونے والے مدنی پھول پیش کرتا تھا☆......لوگوں کی نفسیات کے مطابق مختصر بیان کیا جائے☆...... برستی بارش میں دعا قبول ہوتی ہے☆......قبولیتِ دعا کے وقت دعا کرنی چاہیے☆...... جب بھی دعا کریں تو عافیت وسلامتی مانگیں☆......صبر کی دعا کرنے کے بجائے عافیت کی دعا مانگیں☆......زبان سے دعا کرتے ہوئے دل بھی حاضر ہو☆......جو بیمار ہو اس سے نفرت نہ کی جائے اس سے دور رہ کر اور منہ چڑھا کر اُسے اذیت نہ دی جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵ جمادی الاخری ۱۴۳۸ ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء) | 5 مارچ 2017ء |

☆...... بزرگانِ دِین کے واقعات سن کر صرف سُبْحٰنَ اللّٰہ نہ کہا جائے بلکہ ان کی سیرت پر عمل کرنے کی کوشش بھی کی جائے۔☆...... اللہ عَزَّوَجَلَّ کرے،ہمیں گناہوں سے بچنے کا جذبہ مل جائے☆......لوگوں کی

www.dawateislami.net

بھاری اکثریت درست نماز نہیں پڑھتی۔نماز سیکھنے کے لیے 7 دن کا **فیضانِ نماز کورس** کیجئے ☆......اللہ عزَّوَجل کو راضی کریں گے تو جنّت ملے گی۔☆......اللہ عزَّوَجل کرے ہم سب درست نمازی بن جائیں ☆......چھوٹے سے چھوٹا گناہ بھی تباہ کن ہے ☆......عوام کی خشوع و خصوع سے نماز کی صورت یہ ہے کہ مستحبات کی رعایت کے ساتھ ادا کریں ☆......3 دن کا مدنی قافلہ جنت میں جانے کا راستہ ہے ☆......اچھا بولنے کے لیے اچھی عقل کی بھی ضرورت ہے ☆......جب جب موقع ملے توبہ کرتے رہنا چاہیے ☆......جب میں اٹھتا بیٹھتا ہوں تو یہ کہتا رہتا ہوں: ''یااللہ! میرے گناہ معاف کردے۔'' ☆......جنّت میں جانا ہے تو اپنی نماز درست کرلیں، نماز جنّت کی کنجی ہے، درست نماز ہی جنّت کی کنجی بنے گی۔☆......نگرانِ ذیلی مشاورت تا رکنِ شوریٰ ہر ذمہ دار کو 7 دن کا ''**فیضانِ نماز کورس**'' کرنا چاہیے، ہر ''مدنی'' اسلامی بھائی کو بھی یہ کورس کرنا چاہیے۔☆......اسلامی بہنوں کو گھر کی طرف سے مدنی کاموں کی اجازت نہ ملے تو وہ دیگر مدنی کام جو گھر میں رہ کر کرسکتی ہیں وہ کریں۔☆......نیا کام شروع کریں تو شروع میں گھر کی کِھچڑی کھانی پڑتی ہے ☆......دعوتِ اسلامی کو ماننے والوں کی گنتی کی جائے تو ان کی تعداد کروڑوں میں ہے ☆......جب نئی صبح آئے تو ذہن بنائے کہ میری زندگی کی گزری صبحیں میری زندگی سے کم ہوگئی ہیں ☆......اچھے ڈاکٹر نایاب نہیں لیکن کم یاب ضرور ہیں ☆......جب مہمانوں کو بغیر چینی کے چائے دیں تو ساتھ چینی بھی پیش کریں تاکہ حسبِ ضرورت اِستعمال کرسکیں ☆......جم (Gym) میں جانے سے اجتناب کریں کیونکہ وہاں مخلوط ماحول ہوتا ہے، بدنگاہی سے بچنا مشکل ہوتا ہے۔

www.dawateislami.net